26 نومبر 2012ء

5 روپے کا نوٹ تبدیل کرالیا جائے: اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو یاد دہانی کرائی ہے کہ وہ 5 روپے کا منسوخ شدہ بینک نوٹ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کے دفاتر اور ملک بھر میں بینکوں کی 10,000 سے زائد شاخوں سے 31 دسمبر 2012ء تک تبدیل کرالیں۔

آج جاری ہونے والے ایک بیان میں اسٹیٹ بینک نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان/ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن مذکورہ بالا تاریخ گذرنے کے بعد نہ تو یہ نوٹ تبدیل کریں گے اور نہ ہی کسی بھی شخص یا ادارے کو اس نوٹ کی کوئی قیمت ادا کریں گے۔

واضح رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 5 روپے کا نوٹ پہلے ہی منسوخ کیا جا چکا ہے، چنانچہ اب یہ نوٹ قانونی کرنسی کی حیثیت سے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اسٹیٹ بینک کے بیان میں کہا گیا کہ اس نوٹ کو ایس بی پی ایس سی کے دفاتر اور بینکوں کی شاخوں سے 31 دسمبر 2012ء تک بینکوں کے اوقات کار کے اختتام تک تبدیل کرایا جا سکتا ہے۔

☆☆☆